سبق: 5

رقبہ کی پیمائش

آیئے، مختلف طرح کی چیزوں کو لے کر پنسیل سے اپنی کاپی میں اسی طرح کی تصویریں بنائیں۔اوران کی شکلیں کس طرح کی ہیں معلوم کیجیے۔

آپ کے لیے کام:

- ایک صفحہ پر ماچس کی ڈبیہ رکھیے۔
- پنسیل سے اس کے چاروں جانب لکیر کھنچیے۔
- اب ماچس کی ڈبیہ کو ہٹا دیجیے۔
- اس تصویر کے اندرونی حصہ یعنی جتنی جگہ لکیر کے اندر ہے اس میں رنگ بھریئے۔
- اسی طرح چوڑی، ایک روپیہ والا سکّہ، پنسیل بکس، جیومیٹری بکس میں موجود پروٹراکٹر، سیٹ اسکوائر کی مدد سے مختلف طرح کی شکلوں کی تصویر بنا کر ان میں رنگ بھریئے۔

ایک اتوار کی دوپہر نسیمہ اپنے چھوٹے بھائی عادل سے کہا کہ آ ؤ رنگوں کا کھیل کھیلیں۔اس نے پہلے سے ماچس کی ڈبیہ، چوڑی، دو روپیہ کا سکّہ، کانچ کا گلاس جیومیٹری بکس اکٹھا کر رکھا تھا۔وہ عادل سے بولی میں ان سبھی چیزوں سے مختلف طرح کی تصویریں بناتی ہوں۔تم اس کے اندرونی حصے میں رنگ بھرو۔اب دونوں اپنے اپنے کاموں میں مشغول ہو گیے۔



اب آپ اپنی کاپی پر اسی طرح کا نقشہ کھینچ کر ان نقشوں میں مختلف رنگ بھریئے۔

اب بتائیے:

- کیا آپ کی تصویریں چاروں طرف سے گھری ہوئی ہیں؟
- ان تمام تصویروں کے چاروں ضلعوں کی لمبائی کے مجموعہ کو کیا کہتے ہیں؟
- ان کے کن کن حصوں میں آپ نے رنگ بھرا ہے؟
- یہ سبھی تصاویر جتنی جگہ کو قبضہ کرتی ہیں اس کے اس علاقے کو کیا کہتے ہیں؟

ایک گھرے ہوئے علاقہ یا اس کے اندرونی حصے کو اس کا رقبہ کہتے ہیں۔

نیچے کی تصاویر میں سے جن کا رقبہ نکالا جا سکتا ہے ان پر (✓) نشان لگائیے۔



اب سامنے کی دونوں تصاویر کو دیکھیے اور نیچے کی خالی خانوں کو پر کیجیے۔

(i) تصویر نمبر 1 کس طرح کی تصویر ہے؟ ....

(ii) تصویر نمبر 2 کس طرح کی تصویر ہے؟ ....

(iii) دونوں تصویروں کے درمیان کون زیادہ جگہ قبضہ کیے ہوئے ہیں؟

(iv) اب بتائیے کون سی تصویر بڑی ہے؟ ....

(v) کس تصویر کا رقبہ زیادہ ہے؟ ....



(I) (II)

ہمیں معلوم ہوا:

دو یکساں شکل کی تصویروں میں جس تصویر کی شکل بڑی ہوگی اس کا رقبہ بھی زیادہ ہوگا۔

- یکساں شکل والی دو تصویروں کے درمیان جس کا رقبہ زیادہ ہے اس میں رنگ بھریے۔

(a) (b) ©



آپ کے لیے کام:

1 ☆ اپنے کلاس کی میز پر اپنی اور اپنے ساتھیوں کی حساب کی کتابوں کو سجائیے۔

☆ حساب کی کتابوں کو ایک دوسرے سے لگا کر اس طرح رکھیے کہ ان کے درمیان خالی جگہ نہ رہے۔

☆ کتنی کتابوں کے ذریعہ میز کا اوپری حصہ مکمل طور پر ڈھک جائے گا؟

یعنی میز کے اوپری حصے کا رقبہ = کتاب کا رقبہ × ....

2 اسی طرح ایک پوسٹ کارڈ کے اوپری حصے کو ماچس کی ڈبیہ سے سجا کر اس کا رقبہ معلوم کیجیے۔

3 آپ کی حساب کی کتاب کی اوپری سطح پر ماچس کی ڈبیہ سے اس طرح سجائیے کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔

کل کتنی ماچس کی ڈبیوں سے حساب کتاب کی اوپری سطح مکمل طور پر ڈھک پائی۔

اس لیے کتاب کی اوپری سطح کا رقبہ = ... × ایک ماچس کی ڈبیہ کے ایک طرف کا رقبہ

مشق

1۔ نیچے کی تصاویر میں سے جن کا کوئی رقبہ نہیں ہے اس پر (✓) نشان لگائیے۔



2۔ نیچے کی دو تصویروں کے درمیان جس کا رقبہ زیادہ معلوم ہوتا ہے اس میں رنگ بھریے۔

(a)



(b)



©

(d)



3۔ کم رقبہ والی جگہوں میں رنگ بھریئے۔



4۔ نیچے چند جملے دیے گیے ہیں۔ احاطہ کے ساتھ جس جملے کا تعلق ہے اس کے سامنے خالی جگہ پر ’’احاطہ‘‘ لکھیے اور جس جملے کے ساتھ رقبہ کا تعلق ہے اس جملے کے سامنے خالی جگہ میں رقبہ لکھیے ۔

(i)۔ کھیت کے چاروں طرف باڑ لگانا۔ ....

(ii)۔ دیوار کو پورا رنگ کرنا۔ ....

(iii)۔ گھر کے فرش میں ٹائل بچھانا۔ ....

(iv)۔ کھیت کے پورے علاقے میں ہل کرنا۔ ....

(v)۔ تالاب کے چاروں طرف دوڑنا۔ ....

(vi)۔ بلیک بورڈ کی سطح کو صاف کرنا۔ ....

(vii)۔ دفتر میں غالیچہ بچھانا۔ ....

(viii)۔ راستے میں مورم بچھانا۔ ....

(ix)۔ برآمدہ کے فرش کو سمینٹ لگانا۔ ....

5۔ ہر قطار کی تصویر میں جس تصویر کا رقبہ سب سے زیادہ ہے اس میں 1، جس کا رقبہ اس سے کم ہے اس میں 2 اور جس کا رقبہ سب سے کم ہے اس میں 3 لکھیے ۔



©



(d)



(e)

6۔ نیچے کی تصویروں کے رقبہ سے زیادہ رقبہ والی اسی طرح کی تصویر بنائیے۔

(a)



(b)

(c)



(d)

7۔ نیچے کی تصویروں میں سے کم رقبہ والی اسی شکل کی تصویریں بنائیے۔

(a)

(b)

(c)

(d)



(e)



(f)



خود بنائیے اور جواب دیجیے:

- 12 سینٹی میٹر لمبائی اور 4 سینٹی میٹر چوڑائی والا ایک مستطیل نما کاغذ کی پٹی تیار کیجیے۔
- 2 سینٹی میٹر ضلع والے چند مربع نما پٹیاں تیار کیجیے۔
- اپنی تیار کی ہوئی مربع نما پٹی کو مستطیل نما پٹی پر سجا کر رکھیے اس طرح کہ درمیان میں خالی جگہ نہ رہے۔
- کتنی مربع نما پٹیوں سے مستطیل نما کاغذ کی پٹی مکمل طور پر ڈھک گئی۔
- مستطیل نما کاغذ کی پٹی کا رقبہ = ... × مربع نما کاغذ کی پٹی کا رقبہ۔